LEGISLATIVE ASSEMBLY OF AZAD JAMMU & KASHMIR

قانون ساز اسمبلی آزاد جموں و کشمیر

سیکرٹریٹ

☆☆☆

ٹینڈر نوٹس خرید اسٹیشنری برائے مالی سال 22-2021ء

قانون ساز اسمبلی سیکرٹریٹ آزاد جموں وکشمیر' مظفرآباد کو مالی سال 22-2021ء کے دوران سامان اسٹیشنری، ٹونرز، پرنٹرز، فلیش ڈرائیو وغیرہ کی خرید کے لئے مقامی انکم ٹیکس/سیلز ٹیکس رجسٹرڈ سپلائرز/فرہم ہاء سے سربمہر ٹینڈرز Single stage, two envelop کی بنیاد پر مطلوب ہیں۔ جو مورخہ 31 اگست 2021ء بوقت 11:00 بجے دن تک زیر دستخطی کے دفتر میں پہنچ جانی چاہیں۔ مقررہ وقت کے بعد کوئی بھی ٹینڈر/کوٹیشن وصول نہیں کی جائے گی۔ ٹینڈر اسی روز کوٹیشنز دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں بوقت 11:30 بجے دن کھولے جائیں گے۔

(1) سیلز ٹیکس/انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ میں باقاعدہ رجسٹرڈ سپلائرز/اسٹیشنرز کوٹیشنز دینے کے اہل ہونگے اور کوٹیشن پر اپنا N.T.N نمبر درج کرنا لازمی ہوگا۔

(2) 31 اگست 2021ء سے قبل اسٹیشنری اشیاء کی فہرست و نمونہ جات سیکرٹریٹ ہذا کے شعبہ اسٹیشنری سے دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کیئے جاسکتے ہیں۔ بمطابق فہرست ہر آئیٹم کے الگ نرخ دینا ہونگے۔

(3) تمام اشیاء کے نرخ بشمول جنرل سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس، کشمیر لبریشن سیس اور تجوید القرآن ٹرسٹ فنڈز درج کیئے جائیں۔

(4) ٹینڈر میں دیئے گئے انراخ ایک سال (یکم جولائی 2021ء تا 30 جون 2022) تک لاگو ہونگے۔ اس عرصہ کے دوران انراخ میں کسی قسم کی تبدیلی و کمی بیشی قابل قبول نہ ہوگی۔ نیز کامیاب ٹینڈر دہندہ دیئے گئے نرخ کے مطابق مقررہ مدت کے لئے بغیر قیمتوں اور کوالٹی میں کمی بیشی کے مال سپلائی کرنے کا پابند ہوگا۔

(5) کوٹیشن کے ہمراہ Bid price کے تین فیصد کے برابر کسی بھی شیڈول بینک کی کال ڈیپازٹ شامل کرنی ہوگی۔ بدوں کال ڈیپازٹ کوئی کوٹیشن قابل قبول نہ ہوگی۔

(6) دفتر ہذا کی طرف سے مرتب شدہ اشیاء اسٹیشنری کی فہرست میں درج جملہ اشیاء کے نرخ دینا ہونگے۔ صرف چند مخصوص اشیاء کے نرخ کی حامل کوٹیشن اور نامکمل/مشروط ٹینڈر قابل قبول نہ ہونگے۔

(7) منظور شدہ انراخ کی بنیاد پر دوران سال پیپرا رولز کے مطابق سامان میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔ ڈیمانڈ کے مطابق عدم فراہمی اسٹیشنری یا مطلوبہ معیار سے ہٹ کر اشیاء سپلائی کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرتے ہوئے سپلائی آرڈر منسوخ کر دیا جائیگا۔

(8) کوٹیشن دہندہ فرم مستحکم اور اس کا اپنا سٹور یا دوکان بھی ہونی چاہیے۔ نیز بلیک لسٹ فرمز Bidding میں شامل ہونے کی اہل نہ ہونگی۔

(9) پیپرا رولز کی شق نمبر (36(b کے تحت Single stage, two envelop پروسیجر کی بنیاد پر ایک package میں، ایک لفافے میں Technical proposal اور دوسرے لفافے میں Financial Proposal شامل ہونی چاہیں۔ نیز ہر Envelop پر Technical proposal اور Financial proposal کے الفاظ واضح طور پر درج ہونے چاہیے۔

(10) جناب سیکرٹری/مجاز اتھارٹی کو ایک یا جملہ کوٹیشنز پیپرا رولز کی شق نمبر (1)33 کے تحت منظور یا مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

(11) اشتہار AJK پیپرا کی ویب سائیٹ (www.ajkppra.gov.pk) پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

(12) اس حوالہ سے مزید تفصیلات اسمبلی سیکرٹریٹ کی ویب سائٹ (www.ajkassembly.gok.pk) پر ملاحظہ اور Download بھی کی جاسکتی ہیں۔

12/08/2021

اسسٹنٹ سیکرٹری (انتظامیہ)